

# چُن مُن

''چُن مُن'' مرغی کا ایک چھوٹا سا بچہ تھا۔ چُن من بڑا نٹ کھٹ تھا۔ وہ روز اپنی ماں کے ساتھ گھومنے جاتا تھا۔ اپنی ماں کے بار بار منع کرنے پر بھی وہ اِدھر اُدھر بھاگ جاتا۔




ماں 'چُن مُن' کو سمجھاتی۔ تم ابھی بہت چھوٹے ہو۔ ساتھ ساتھ رہا کرو۔ میں تمہیں کھانا ڈھونڈنا سکھاؤں گی۔ چُن مُن تھوڑی دیر تک تو ماں کی بات یاد رکھتا۔ پھر بھُول جاتا۔

ایک دن چن من اپنی ماں اور بھائی بہن کے ساتھ باہر نکلا۔ اسے ایک گھر کے باہر مٹر کے ہَرے ہرے چھلکے پڑے دکھائی دیئے۔ وہ ماں کی بات بھول گیا اور بھاگ کر



چھلکوں کے پاس پہنچ گیا۔ وہ اپنی چھوٹی سی چونچ سے چھلکوں میں سے دانے ڈھونڈ کر کھانے لگا۔ مٹر کا ایک دانا اچانک اس کے گلیں اٹک گیا۔



چُن مُن رونے لگا۔ وہ اپنی ماں کو ڈھونڈنے لگا۔ لیکن ماں اِسے دکھائی نہیں دی۔ گھبرا کر وہ اِدھر اُدھر بھاگنے لگا۔


اِدھر مُرغی نے چُن مُن کو جب اپنے ساتھ نہ دیکھا تو واپس لوٹی۔ چُن مُن رو رہا تھا۔ اُس نے روتے روتے اپنا منہ کھول کر دکھایا۔ مرغی نے دیکھا۔ چُن مُن کے حلق میں مٹر کا ایک دانہ اٹکا ہے۔ اس نے اپنی چونچ سے دانہ نکالنے کی کوشش کی لیکن اُس کی چونچ چھوٹی تھی وہ چُن مُن کے گلے سے دانہ نہ نکال سکی۔



**تدریسی ہدایت:** طلباء کو بلند آواز میں کہانی سنائیں گے اور بچوں کو بھی کہانی پڑھنے کو بولیں گے۔

مرغی کا ایک دوست تھا۔ بگلا۔ مُرغی دوڑی بھاگی۔ بگلے کے پاس پہنچی۔ روتا ہوا چُن مُن بھی پیچھے پیچھے تھا۔ مرغی نے ساری بات بگلے کو بتائی۔

بگلے نے چن من کی طرف دیکھا۔ اور اپنی لمبی چونچ چن من کے حلق میں ڈالی اور مٹر کا دانہ گلے سے نکال دیا۔



چُن مُن ماں سے بولا۔ ماں مجھ سے غلطی ہوگئی۔ میں آپ کا کہنا مانوں گا۔ بغیر پوچھے کبھی اِدھر اُدھر نہیں جاؤں گا۔ مُرغی نے چن من کے آنسو پونچھے اور اسے گلے سے لگالیا۔

درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 107

(۱) حروف کو ملا کر لفظ بنائیں۔

(i) م + ر + غ + ی =

(ii) ت + م + ہ + ی + د =

(iii) ن + ٹ + کھ + ٹ =

(iv) ر + ح + م =

(v) ن + ک + ل + ا =

(۲) حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

| حصہ 'الف' | حصہ 'ب' |
|---|---|
| چھوٹا | پھنسنا |
| حلق | کھوجنا |
| اٹکنا | ننھا |
| ڈھونڈنا | گلے |

تدریسی ہدایت: بچوں کو بلند آواز سے کہانی کے اقتباس کی مشق اور اسکے بنیاد پر گفتگو کریں۔

(ا) صحیح الفاظ چن کر خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

نٹ کھٹ۔ گھومنے۔ بھول۔ ہرے

چن من بڑا........................ تھا۔

وہ روز اپنی ماں کے ساتھ........................ جاتا تھا۔

وہ ماں کی بات........................ گیا۔

مٹر کے چھلکے........................ ہوتے ہیں۔

(۲) نیچے لکھے سوالوں کے جواب دیجئے۔

(i) ماں نے چُن مُن کو کیا سکھایا؟

(ii) چُن مُن روز کہاں جاتا تھا؟

(iii) مُرغی چُن مُن کو کہاں لے گئی؟

(۳) سمجھ کر پڑھیے اور معنی کو ملان کیجئے۔

| | |
|---|---|
| حلق | چڑیا کا منہ |
| چونچ | غذا نگلنے کی نلی |
| ڈھونڈنا | شریر |
| نٹ کھٹ | تلاش کرنا |

**تدریسی ہدایت:** طلباء کو اداکاری کے ساتھ کہانی 'چن من' سنائیں اور طلباء کو کہانی سنانے کا موقع دیں ساتھ ہی ساتھ کہانی کے متعلق بات چیت کریں۔

درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 109

(۱) نیچے دیئے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

چھوٹے = ☐ + ☐ + ☐ + ☐

تھوڑی = ☐ + ☐ + ☐ + ☐

رکھتا = ☐ + ☐ + ☐ + ☐

نکلا = ☐ + ☐ + ☐ + ☐

چھلکے = ☐ + ☐ + ☐ + ☐

(۲) حروف کو ملا کر لفظ بنائیں۔

(i) چ + ن + م + ن =

(ii) گ + و + ش + ت =

(iii) ا + چ + ا + ن + ک =

(iv) م + ا + ں =

(۳) سوچیے اور بتائیں۔

(i) مٹر کے چھلکے کا رنگ کیسا ہوتا ہے۔

--------------------------------------------------------------------------------

(ii) بگلے کی چونچ کیسی ہوتی ہے؟

--------------------------------------------------------------------------------

تدریسی ہدایت: طلباء کو چُن مُن کہانی سنائیں اور کہانی کے متعلق بات چیت کریں اور لفظوں کی مشق کرائیں۔


## (ا) نیچے دیئے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| منع | = | + | + | |
| یاد | = | + | + | |
| حلق | = | + | + | |
| ماں | = | + | + | |
| چونچ | = | + | + | + |

## (۲) تصویر دیکھ کر نام لکھیں۔

(i)  ........................

(i)  ........................

(ii)  ........................

## (۳) خوش خط لکھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نٹ کھٹ | ................ | ................ | ................ | .................. |
| منع | ................ | ................ | ................ | .................. |
| ڈھونڈنا | ................ | ................ | ................ | .................. |
| چونچ | ................ | ................ | ................ | .................. |
| بگلے | ................ | ................ | ................ | .................. |
| بچہ | ................ | ................ | ................ | .................. |

**تدریسی ہدایت:** طلباء کو چُن مُن کی کہانی سنائیں اور کہانی سے متعلق بات چیت کریں۔ ساتھ ہی ساتھ لفظوں کو لکھنے کی مشق کرائیں۔

درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 111

## (۱) صحیح الفاظ چن کر خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

نٹ کھٹ    ڈھونڈنا    مڑ    منہ    بگلے

۱۔ .................کا ایک دانہ اچانک اس کے حلق میں اٹک گیا۔

۲۔ میں تمہیں کھانا...................سکھاؤں گی۔

۳۔ چُن مُن بڑا...................تھا۔

۴۔ اس نے روتے روتے اپنا......................کھول کر دکھایا۔

## (۲) حروف کو ملا کر لفظ بنائیں۔

(i) ح + ل + ق =

(ii) گ + ل + ے =

(iii) بھ + و + ل =

(iv) گھ + ر =

## (۳) خوش خط لکھیے۔

حلق ................ ................ ................ ................ ................

غلطی ................ ................ ................ ................ ................

آنسو ................ ................ ................ ................ ................

گلے ................ ................ ................ ................ ................

دوست ................ ................ ................ ................ ................

**تدریسی ہدایت:** طلباء کو چُن مُن کہانی سنائیں اور کہانی سے متعلق بات چیت کریں ساتھ ہی ساتھ سوالوں کے جواب دینے کی مشق کرائیں۔

(ا) نیچے لکھے سوالوں کے جواب دیجئے۔

(i) چُن مُن کیسا تھا؟

..........................................................................

(ii) چُن مُن کہاں نِکلا؟

..........................................................................

(iii) چُن مُن کے گلے میں کیا اٹک گیا؟

..........................................................................

(iv) مرغی دوڑ کر کس کے پاس پہنچی؟

..........................................................................

(۲) دس چڑیوں کے نام لکھیے۔

..................................... .....................................

..................................... .....................................

..................................... .....................................

..................................... .....................................

..................................... .....................................

**تدریسی ہدایت:** طلباء کو بلند آواز سے کہانی کے اقتباس کی مشق اور اس کی بنیاد پر سوال و جواب کی مشق کرائیں۔

زبان:اردو
دن: 113

درجہ: 2
تاریخ:

(ا) **خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیں۔**

بات دوست رونے طرف سے

چن من.........................لگا۔


وہ ماں کی.........................بھول گیا۔

چُن مُن ماں.........................بولا۔

بگلے نے چُن مُن کی.........................دیکھا۔

چُن مُن ماں.........................بولا۔

**مرغی کی تصویر دیکھ کر اس کے مختلف اعضاء کے نام لکھیں۔**



**تدریسی ہدایت:** طلباء سے کہانی 'چن من' اداکاری کے ساتھ سنیں اور کہانی کے مختلف پہلو پر بات چیت کریں۔

**(۱) حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑے ملایئے۔**

| 'الف' | 'ب' |
| --- | --- |
|  | غڑغوں |
|  | ٹیں ٹیں |
|  | کاؤں کاؤں |
|  | ککڑوں کوں |

**(۲) خوش خط لکھیے۔**

ڈھونڈیا = ................ ................ ................ ................ ................

چھلکے = ................ ................ ................ ................ ................

چونچ = ................ ................ ................ ................ ................

حلق = ................ ................ ................ ................ ................

غلطی = ................ ................ ................ ................ ................

**تدریسی ہدایت:** اساتذہ کہانی پر طلباء سے بات چیت کریں اور طلباء کو زبانی سنانے کا موقع دیں۔

درجہ: 2 زبان: اردو
تاریخ: دن: 115

(ا) مثال دیکھ کر املا درست کیجئے۔

| | |
|---|---|
| مرگی | مرغی |
| بغلا | |
| شاتھ | |
| حلک | |
| اشق | |
| باحر | |
| غلتی | |
| بگیر | |
| آنشو | |

۲۔ خوشخط لکھیے:
چمن من بڑا نٹ کھٹ تھا۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

تدریسی ہدایت: خوشگوار ماحول میں طلباء سے اداکاری کے ساتھ کہانی سنیں اور املا درست کروائیں۔

۱۔ صحیح الفاظ کے گرد دائرہ بنائیے۔

| | |
|---|---|
| مُرغی | مُرگی |
| حلک | حلق |
| گلتی | غلتی |
| منہ | موح |
| کوشش | کوسس |

۲۔ پانچ چڑیوں کے نام لکھیں۔

------------------------------ ------------------------------ ------------------------------

---------------------------------------- ----------------------------------------

۳۔ پانچ پالتو جانوروں کے نام لکھیں۔

------------------------------ ------------------------------ ------------------------------

---------------------------------------- ----------------------------------------

تدریسی ہدایت: خوشگوار ماحول میں طلباء سے اداکاری کے ساتھ کہانی سنیں اور صحیح لفظ میں گول گھیرا لگوائیں۔


درجہ: 2 | زبان: اردو
تاریخ: | دن: 117

(۱) پانچ سبزیوں کے نام لکھیں۔

---------------------- ---------------------- ----------------------

---------------------- ----------------------

(۲) بگلے کی تصویر دیکھ کر اس کے مختلف اعضاء کے نام لکھیں۔



۳۔ اپنی یاد سے اسی طرح کی کوئی دوسری کہانی لکھیے:

______________________________

______________________________

______________________________

تدریسی ہدایت: ایسا ماحول بنائیں کہ طلباء اداکاری کے ساتھ کہانی سنا سکیں اور تصویر دیکھ کر اعضاء کے نام لکھ سکیں ساتھ ہی ساتھ سبزیوں کے نام لکھ سکیں۔